


NYC Public Schools

NYC EDUCATION COUNCILS

# امیدوار کی اہلیت

## انتخابات میں نشست کے لیے کون حصہ لینے کا اہل ہے؟

تعلیمی کونسلوں کے تمام منتخب اراکین کا ایسے طالب علم کا والدین ہونا لازمی ہے جو اس وقت اسکول یا پروگرام میں جا رہا ہے جس کی سرمایہ کاری نیویارک شہر پبلک اسکولز (NYCPS) کر رہا ہے۔ اضافی تقاضے ہر کونسل کے لحاظ سے مختلف ہوتے ہیں:

- **اجتمائی تعلیمی کونسلیں (CEC)**: آپ کے بچے کا پری کنڈرگارٹن سے لیکر گریڈ 8 تک کسی ایسے کمیونٹی اسکول ضلع کے ایک ضلعی اسکول میں آفی الوقت جانا لازمی ہے جہاں سے آپ CEC میں خدمت انجام دینے کے خواہاں ہیں۔ اگر آپ کا بچہ اس CEC کے جغرافیائی ضلع میں کسی ضلع 75 (D75) پروگرام میں جاتا ہے، آپ ایک محفوظ کردہ D75 نشست کی بھی اہلیت رکھتے ہیں۔
- **شہرگیر کونسل برائے ہائی اسکولز (CCHS)**: آپ کے بچے کا فی الوقت نیویارک شہر میں کسی پبلک، غیر چارٹر ہائی اسکول میں جانا لازمی ہے۔ ہر برو کا ایک الگ انتخاب ہوتا ہے؛ آپ کے بچے کے اسکول کا جائے وقوع تعین کرتا ہے کہ آپ کس بیلیٹ کے لیے اہلیت رکھتے ہیں۔
- **شہرگیر کونسل برائے انگریزی زبان متعلمین (CCELL)**: آپ کے ایک بچے کی درجہ بندی لازمی بطور پر ایک نئی زبان متعلم (ENL) ہونی چاہیےجو آج کل کسی NYCPS کے دوہری زبان ، عبوری دولسانی تعلیم یا انگریزی بطور نئی زبان (ENL) پروگرام میں مندرج ہو، یا جو ایسے کسی پروگرام میں پچھلے دوسالوں میں مندرج رہا ہو۔
- **شہرگیر کونسل برائے خاص تعلیم (CCSE)**: آپ کے بچے کا فی الوقت ایک انفرادی تعلیمی پروگرام (IEP) کا حامل ہونا لازمی ہے جو NYCPS کی سرمایہ کردہ خدمات کسی پبلک، چارٹر یا نجی اسکول میں حاصل کر رہا ہو۔
- **شہرگیر کونسل برائے ضلع 75 (CCD75)**: آپ کے ایک بچہ کا ضلع 75 کے کسی اسکول یا پروگرام میں مندرج ہونا لازمی ہے۔ اس کی وجہ سے  آپ اس ضلع کی CEC کے انتخاب میں بھی حصہ لے سکتے ہیں جس ضلع میں آپ کے بچے کا پروگرام واقع ہے۔

## آپ کی اہلیت کا تعین کب کیا جاتا ہے؟

**2025–2027 میعاد** کا تعین اس تاریخ سے کیا جاتا ہے جب آپ اپنی درخواست جمع کرواتے ہیں۔

- **CEC اور CCHS**: اگرچہ کہ آپ کا بچہ اب مزید کسی اہلیت کے حامل اسکول نہیں جاتا ہے، پھر بھی آپ اپنی دو سال کی میعاد مکمل کر سکتے ہیں۔
- **CCELL، CCSE، اور CCD75**: اگر آپ کا بچہ بطور ایک ELL (CCELL)، کی اب مزید اہلیت نہیں رکھتا ہے، مزید IEP (CCSE) کا حامل نہیں ہے، یا کسی D75 اسکول (CCD75) میں اب نہیں جاتا ہے، آپ کو لازماً استعفا دینا ہوگا۔

## کسی تعلیمی کونسل میں خدمات انجام دینے کا کون اہل نہیں ہے؟

NYCPS ملازمین، زیادہ تر عوامی منتخب افسران، اور تعلیمی پالیسی پینل کے اراکین خدمات انجام نہیں دے سکتے۔ اگر آپ کا تعلق ان میں سے کسی درجہ بندیوں سے ہے، آپ ایک نشست کے لیے انتخاب میں حصہ تو لے سکتے ہیں مگر آپ کو اپنے موجودہ کردار اور کونسل میں خدمات انجام دینے میں سے کسی ایک کا انتخاب کرنا ہوگا، اگر آپ منتخب ہو جاتے ہیں۔ دیگر بندشوں کا اطلاق ہو سکتا ہے؛ ملاحظہ کریں چانسلر کا ضابطہ D-140-170 (**schools.nyc.gov/VolumeD**) ۔

اہلیت کے تقاضوں کے بارے میں **مزید معلومات کے لیے**،برائے مہربانی **schools.nyc.gov/Elections2025** پر اہلیت کے مطلوبات ملاحظہ کریں۔ اگر آپ کے مزید سوالات ہیں، برائے مہربانی اس **Elections2025@schools.nyc.gov** پر جائئیں۔

**schools.nyc.gov/Elections2025**

**/nycschools**

T-37736 (Urdu)

NYC COMMUNITY & CITYWIDE EDUCATION COUNCILS

NYC Public Schools

NYC EDUCATION COUNCILS

# امیدوار کی جانچ فہرست

**جنوری- فروری 2025**

## درخواست کا دورانیہ

- ☐ **آپ کے پاس نیویارک شہر اسکول کا اپنے نام کا ایک اکاؤنٹ (NYCSA) ہونا لازمی ہے جس میں آپ کے تمام بچے مندرج ہوں تاکہ انتخاب میں حصہ لینے اور کونسل کی نشست کے لیے ووٹ دینے کے اہل ہوں۔** یہ جاننے کے لیے کہ ایک نئے اکاونٹ کے لیے کس طرح سائن اپ ہونا ہے اور طلباء کا اضافہ کس طرح کرنا ہے، **schools.nyc.gov/NYCSA** پر جائیں۔
- ☐ **تعلیمی کونسلوں میں خدمت انجام دینے کے بارے میں مزید معلومات حاصل کریں:** ایک مقامی کونسل اجلاس میں شرکت کریں، موجودہ اراکین سے بات کریں اور اجتمائی اور شہرگیر تعلیمی کونسل انتخابات رہنما کتابچہ کا جائزہ لیں تاکہ معلوم کر سکیں ایک رکن بننے کے مطلوبات کیا ہیں۔
- ☐ **اس کونسل کے لیے جس میں آپ انتخاب میں حصہ لینا چاہتے ہیں اپنی اہلیت کا تعین کریں:** تعلیمی کونسلوں کے تمام منتخب اراکین کا کسی طالب علم کا والدین یا سرپرست ہونا لازمی ہے جو آج کل کسی NYCPS کے سرمایہ کردہ اسکول یا پروگرام میں شرکت کر رہا ہو۔ ہر کونسل کے مخصوص مطلوبات جاننے کے لیے امیدوار کی اہلیت کے رہنما کتابچہ کا مطالعہ کریں۔ ایک مرتبہ جب آپ اپنی درخواست کا آغاز کر دیں گے، NYCPS خودکار طور پر ان کونسلوں کا تعین کر دے گا جن کی آپ اہلیت رکھتے ہیں۔
- ☐ **امیدوار کے مختصر بیان کا مسودہ بنائیں:** ذاتی بیان ضروری نہیں ہیں مگر اس کی پُرزور حوصلہ افزائی کی جاتی ہے۔ بیان ووٹ دینے والوں کے لیے ہوتے ہیں اور یہ ان سے رابطہ کرنے کا ایک بہت اچھا طریقہ ہے!
- ☐ **اپنی درخواست جمع کروائیں:** اس درخواست کو مکمل کرنے میں 5– 10 منٹ لگ سکتے ہیں۔

**فروری- اپریل 2025**

## امیدوار کے فورمز اور مہم

اپنی برادری کو بتائیں کہ آپ کو کیوں منتخب کیا جائے۔ امیدوار یہ کر سکتے ہیں کہ:

- ☐ اس کونسل (کونسلوں) کے لیے ورچوئل امیدوار فورم میں حصہ لیں جہاں سے آپ انتخاب میں حصہ لے رہے ہیں — صرف یہ ہی تقریبات ہیں جن کی NYCPS سرمایہ کاری کرتا ہے۔
- ☐ ممکنہ ووٹرز تک ای میل تقسیمی فہرستوں، سوشل میڈیا، ڈاک، بلاگز یا ویب سائٹ کے ذریعے رسائی حاصل کریں۔
- ☐ آوپ-ایڈز، یا مقالے لکھیں جس سے آپ کو تعلیمی مسائل کے بارے میں اپنے خیالات کومشتہر میں مدد مل سکے۔
- ☐ اپنے دوستوں اور اہل خانہ کو آپ کی مہم چلانے میں رضاکارانہ مدد دینے کی دعوت دیں۔
- ☐ فلائیرز اور مہم سے متعلق مواد اپنے علاقے کے عوامی مقامات میں تقسیم کریں۔

یقینی بنائیں کہ آپ رہنما خطوط پر کاربند رہیں بشمول:

- NYCPS کی ملکیت پر مہم چلانا یا اشتہار لگانے کی **ممانعت** ہے۔
- NYCPS ملازمین کو مہم چلانے والوں کی مدد کرنے کی اجازت نہیں ہے۔
- امیدوار سیاسی تصدیقات یا چندے قبول نہیں کر سکتے۔

اپنی مہم پر خرچ کی گئی رقم کا ایک ریکارڈ (مثلاً رسیدیں یا بِل) رکھنا یاد رکھیں۔ امیدوار $500 سے زیادہ خرچ نہیں کر سکتے۔

---

## مستقبل پر نظر: ووٹ ڈالنا اور انتخابی نتائج

والدین 13 مئی 2025 تک تمام 357 کونسل اراکین کی نشستوں کے لیے ووٹ ڈالیں گے۔ نتائج کا اعلان جون میں کیا جائے گا۔ منتخب اراکین 1 جولائی، 2025 - 30 جون، 2027 کی دوسالہ میعاد کے لیے خدمت انجام دیں گے۔

کسی نشست کے لیے انتخاب میں حصہ لینے کے بارے میں مزید معلومات کے لیے یہاں **schools.nyc.gov/Elections2025**جائیں۔

**schools.nyc.gov/Elections2025**

**/nycschools**